

آؤ امن کے رنگ بھریں

URI PAKISTAN

ایشیا میں بین المذاہب مُکالمے کا مُحرک خبرنامہ

اُمنگ
UMANG

جولائی تا دسمبر 2018ء

چیف ایڈیٹر : فادر ڈاکٹر جیمز چنن۔ اوپی

ایڈیٹر : سسٹر شبینہ رفعت

سرکولیشن منیجر : آشر نذیر

ایڈیٹوریل بورڈ : قاضی جاوید، زبیر احمد فاروق

ڈیزائننگ : رضوان شفیق

125-B, Pak Arab Housing Scheme,
Ferozepur Road,Lahore
Land line: 042-3592-4513
Cell: 0300-6961022
E-mail: uripakumang@gmail.com
www.uripakistan.org

Peace Center Lahore

DESIGN AND PRINTED BY
multimediaaffairs@gmail.com
multimediaaffairs@hotmail.com
MULTI MEDIA AFFAIRS

ہم مل جل کر ایک دوسرے کے ساتھ کام کریں، امن اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دیں۔

محبت، امن، خوشی اور اُمید۔ بین المذاہب امن میلا

صدارت فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی کوآرڈی نیٹر یو آر آئی پاکستان و ڈائریکٹر پیس سنٹر نے کی۔ جب کہ مہمان خصوصی ڈاکٹر بدر منیر تھے۔

5 دسمبر 2018ء کو یو آر آئی پاکستان نے مختلف تنظیموں جن میں امن پکار تنظیم، یونین کونسل 227، آس پاکستان، لائف الائنس، گلوبل ہیلنگ انیشی ایٹیو پاکستان، ورکنگ وومن ڈیویلپمنٹ، COPE پاکستان، وومن اینڈ کڈز ایجوکیشن، پیشن ایم سی سی یو آر آئی لاہور اور دار السلام کالج شامل تھے، کے ساتھ مل کر پیس سنٹر لاہور میں بین المذاہب امن میلا کا اہتمام کیا۔ صدارت فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی کوآرڈی نیٹر یو آر آئی پاکستان و ڈائریکٹر پیس سنٹر نے کی۔ جب کہ مہمان خصوصی ڈاکٹر بدر منیر تھے۔ مہمانانِ گرامی میں جاوید ولیم Faces پاکستان، آشر نذیر، مسز شہینہ رفعت، آصف شیخ صدر امن پکار، پطرس دیوان ڈائریکٹر گلوبل ہیلنگ پاکستان، اقبال ٹانی کوآرڈی نیٹر یونین کونسل 227، تنویر حیدر ڈائریکٹر ورکنگ وومن ڈیویلپمنٹ، فادر مرقس او پی، فادر شہزاد او پی، ارشد اقبال پروفیسر گورنمنٹ خواجہ رفیق ڈگری کالج، پروفیسر پیٹر مراد، پروفیسر فراز، یو آر آئی سی سیز کوآرڈی نیٹرز، پاسٹر وحید، بابا برکت، اسلم زاہد، یوسف کھوکھر، مسز نیلم انصاری پروگرام منیجر یو آر آئی، جاوید آفتاب، فرانسس زیویئر، مس اسما رایوتھ ٹریز یو آر آئی پاکستان اور فیصل الیاس ایگزیکٹو سیکرٹری پیس سنٹر لاہور شامل تھے۔ بین المذاہب امن میلے میں کثیر تعداد میں مختلف سکولوں، کالجوں اور یونی ورسٹیوں سے نوجوان طلبائے علم، جن کا تعلق مختلف مذاہب سے تھا، نے شرکت کی۔ اس رنگا رنگ پروگرام میں مختلف تنظیموں کی جانب سے سٹالز لگائے گئے جن میں کھانے پینے، مہندی لگانے، فیس پینٹنگ، کتابوں اور ہاتھوں سے بنائے ہوئے کپڑے و دیگر اشیا کے سٹالز موجود تھے۔ ان کا خاص مقصد یہی تھا کہ ہم مل جل کر ایک دوسرے کے ساتھ کام کریں، امن اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دیں۔

آشر نذیر نے پروگرام کے مقاصد کے بارے میں بڑی تفصیل سے بتایا کہ مسلم، مسیحی اور ہندو نے آج مل کر امن، محبت، خوشی اور امید کی شمع روشن کی ہے اور اس بات کا عہد کیا ہے کہ ہم اپنے بچوں، گھروں اور خاندانوں کے ساتھ ساتھ دوسرے مذاہب کے لوگوں کے ساتھ بھی امن اور محبت کے ساتھ رہیں گے۔

ڈومینکن برادرز نے بلھے شاہ کا کلام گا کر سنایا جس میں برادر دلشاد، برادر آکاش نے باقی برادرز کے ساتھ مل کر بہت ہی خوب صورت انداز میں ''بے جے توں رب نوں منانا، پہلے یاروں منا'' گایا۔

مسز شہینہ رفعت کوآرڈی نیٹر یو آر آئی وومن ونگ پاکستان نے اپنی خوب صورت شاعری کے ذریعے آئے ہوئے بچوں، نوجوانوں اور مختلف تنظیموں کے نمائندوں کو امن اور مذہبی ہم آہنگی کے حوالے سے خوب صورت پیغام دیا کہ ہم ہمیشہ دوسروں سے ویسا سلوک کریں جو ہم چاہتے ہیں کہ دوسرے ہمارے ساتھ روا رکھیں۔

فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی نے امن اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے گراں بہا کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان یو آر آئی کوآرڈی نیٹرز کو ایوارڈز دیے۔

1:۔ بابا برکت یو آر آئی سی سی کوآرڈی نیٹر

2:۔ چودھری زبیر فاروق احمد ایم سی سی کوآرڈی نیٹر یو آر آئی لاہور

3:۔ جاوید آفتاب سی سی کوآرڈی نیٹر

4:۔ مسز نیلم انصاری پروگرام منیجر یو آر آئی پاکستان

5:۔ ڈاکٹر منور چاند یو آر آئی سی سی کوآرڈی نیٹر

ڈاکٹر بدر منیر جو کہ اس بین المذاہب امن میلے کے مہمان خصوصی تھے، نے پروگرام کی کامیابی پر یو آر آئی پاکستان، آشر نذیر، فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی اور مسز شہینہ رفعت کو مبارک دی اور محبت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ محبت کی کوئی سرحد نہیں ہوتی۔ محبت وہ زبان ہے جس کو دنیا کا ہر انسان سمجھتا ہے۔ محبت خدا اپنے بندوں سے کرتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اپنی جان قربان کر دی۔ ہر مذہب محبت کا درس دیتا ہے۔ وارث شاہ نے اس موضوع پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ ہمیں نفرت نہیں محبت کی زبان سیکھنی چاہیے اور عمل کرنا چاہیے۔

فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی نے پروگرام میں آئے ہوئے تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

اداریہ

لوگوں کی بہتری اور حوصلہ افزائی: یو آر آئی کی ترجیحات

کہانیاں چاہتی ہیں کہ انھیں لکھا جائے۔ ہر بیج کی آرزو بار آور ہونا ہوتا ہے کہ وہ بڑھے، پھولے اور پھل لائے۔ اس کے لیے سب سے اہم جز و ماحول ہے، سازگار ماحول کہانی کو الفاظ سے افسانہ ہونے تک ایک بیدار، زرخیز فکر انگیز اور عقاب سے زیادہ گہرائی، بلندی اور پستی کو دیکھنے اور پڑھنے والا ذہن چاہیے ہوتا ہے۔ کلمہ مجسم ہو جائے تو انقلاب برپا ہو جاتے ہیں۔ اربوں کھربوں کہکشائیں، نظام شمسی، سیارے اور ستارے اپنے اپنے مدار چھوڑ کر کائنات کو نکھارنے اور سنوارنے میں جت جاتے ہیں جہاں تاریخ کی انوکھی کہانی نے جنم لیا ہوتا ہے۔ بات کہنے کی نہیں مگر 60 ارب سال پرانی دنیا کو پیچھے مڑ کر انسانی آنکھ کے کیمرے اور کمپیوٹر سے بہ نظر غائر جائزہ لیا جائے تو بات یہی سمجھ میں آتی ہے کہ کلمہ کے مجسم ہونے سے ہر انسان بھی ایک مجسم کلمہ ہی ہے۔ ''میں ہوں!'' کا کلمہ نہ ہوتا تو تاریخ کے حیران کن معجزات رونما نہ ہوتے۔ اقبال کے ''محو حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی'' کو ہم بعینہ ایسے نہ دیکھتے جو آج ہو رہا ہے۔ اسے اتنی دہائیاں پہلے کیسے اس بات کا ادراک ہو گیا تھا کہ دنیا اس نہج پر پہنچ جائے گی؟ برمودہ ٹرائی اینگل، نیوٹن کی تھیوری، ہسپانیہ ہی کا پکاسو، مصر کے اہرام، انسانی اعضا کی پیوندکاری، صدیوں زندہ رہنے کی کوشش میں حنوط شدہ اجسام، ہم شکل توام، Surrogate Womb اور ایسا ہی بہت کچھ...... سب انسانی ذہن کا کرشمہ ہی ہے نا۔ تو انسان کوئی عام سا جان دار یا عام سی مخلوق تو نہیں ہو سکتا۔ ہاں خود اس نے خود کو بہت ہی سستا بہت ہی عام کر لیا ہے۔ یا خود ہم انسانوں نے ایک دوسرے کو عام کر دیا ہے۔ ڈی ویلیو۔ تخلیق کائنات ''کن فیکون'' کے وقت انسان کو یہی اعزاز بخشا گیا تھا کہ ''بڑھو، پھلو اور دنیا کو معمور و محکوم کرو'' انسان محکوم ہونے کے لیے ہرگز پیدا نہیں کیا گیا تھا۔ اس کا کام تو کائنات کے اسرار و رموز کو کھولنا ان سے فیضیاب ہونا اور دوسروں کو فیضیاب کرنا تھا۔ کسان، انجینئر، سائنس دان، ڈاکٹر، آئی ٹی کے ماہرین سب بہت ضروری ہیں۔ لیکن ان سب دریافتوں اور ہر کام پر ہاتھ پھیلائے بیٹھی کہانیوں کو لکھنے کے لیے فنکار کا ہونا اشد ضروری ہے۔ کتاب کلچر ختم ہونے سے انسان کا خاتمہ ہو جائے گا صرف جان دار زندہ رہ جائے گا۔ درحقیقت کتاب کلچر ختم ہو ہی نہیں سکتا۔ صحائف انبیا سے لے کر رنجب کی آنکھوں میں جمی ہوئی ادائی سے محروم کہانیوں تک سب صدیوں پر حکومت کرتے رہیں گے۔ اگر پانچ ہزار سال پہلے، تین ہزار سال، 14 سو سال اور 500 سال پہلے کے الہام قلمبند نہ ہوتے تو آج ہم الہام سے بہرہ ورنہ ہو رہے ہوتے۔ لکھے گئے بامعنی الفاظ زندہ ہو جاتے ہیں اور جاوداں رہتے ہیں۔ وقت رکتا نہیں، ہوائیں چلتی رہتی ہیں، دھوپ نکلتی رہتی ہے، طوفان اور مٹی کے جھکڑ چلتے رہتے ہیں۔ سب مر جاتے ہیں۔ کہانیاں نہیں مرتیں وہ سینہ بہ سینہ، نسل بہ نسل اور کتاب در کتاب چلتی رہتی ہیں۔ الفاظ کا کردار چوں کہ انسانی زندگی میں بے حد اہم ہے اس لیے ان کے انتخاب میں دوررس بصیرت سے کام لینے والے لوگ کامیاب اور اثر انگیز مانے جاتے ہیں۔ خاموشی ہر وقت قابل ستائش نہیں ہوتی۔ وقت پر آواز اٹھانا بہت ضروری ہے ورنہ خاموش رہنے کا ریکارڈ تو سابق صدر پاکستان (ممنون حسین) بھی قائم کر چکے ہیں۔ درباری اور کاروباری خاموشی سے بچنا چاہیے۔

بین الاقوامی سطح سے لے کر مقامی تحرّوں تک لوگ اب کرپشن، تبدیلی، ٹیکنالوجی کی راکٹ رفتار تیزی کے نقصانات اور انسان سے انسان کی خطرناک حدوں کو چھوتی بے اعتنائی کو مسلسل زیر بحث لا رہے ہیں۔ کم سے کم اوپر سے نچلی سطح تک اس حقیقت کا ادراک تو اب سب کو ہو چکا ہے۔ شعوری سطح سے جب یہ گفتگو بحث و مباحثہ کا حصہ بنے گی تو یقیناً عمل پذیری کی طرف بھی عازم سفر ہوگی کہ احمد ندیم قاسمی کے بقول شاخ انگور پہ اُمڈے ہوئے لرزاں خوشوں کو مے میں تبدیل کرنا پڑتا ہے۔ دراصل یہ تخلیق اور ارتقا کا عمل ہوتا ہے۔ اور خود بخود وقوع پذیر نہیں ہوتا اس کے لیے ثابت قدمی اور انتظار کرنے کا سٹیمنا ہونا بہت ضروری ہے۔ خلیل جبران نے تو انیسویں صدی میں ہی کہہ دیا تھا کہ دنیا میں ایسا کوئی جرم سرزد نہیں ہوتا جس میں کہیں نہ کہیں میرا بھی کچھ حصہ نہ ہو۔ لیکن آج کی انتہائی ترقی یافتہ دنیا میں جس کی آبادی سوا سات ارب سے تجاوز کر چکی ہو اور اقوام متحدہ کے تحقیقی ڈائریکٹر رابرٹ موگا کے مطابق اگر یہ آبادیاں بنیادی اور جدید سہولیات سے محروم ہوں تو انتہائی خطرناک ثابت ہوتی ہیں۔ نہ صرف اپنے اپنے مقام پر بل کہ عالمی سطح پر بھی اس کے خوفناک اثرات مرتب ہوتے ہیں جیسا کہ اب ہو رہے ہیں۔ ایسے میں سربراہان مملکت اور حکومتی فرائض میں تو ان سہولیات کی دستیابی شامل ہے ہی۔ لیکن انفرادی اور اجتماعی، قومی و ملکی سطح پر بھی ہر فرد کی ذاتی کوشش اس سلسلے میں ازبس ضروری ہے۔ انفراسٹرکچر، گیس، صاف پانی، بجلی، تازہ ہوا، بنیادی تعلیم، متوازن نصاب، آلودگی سے پاک فضا، اخلاق اقدار سے آگہی، مساوی مواقع اور صحت کی سہولیات ان میں شامل ہیں۔ مسائل اور چیلنجز بے شمار ہیں۔

یو آر آئی کے پلیٹ فارم سے مقامی اور بین الاقوامی سطح پر مذکورہ بالا تمام ضروریات زندگی کی بحالی اور حفاظت کے لیے مسلسل جدوجہد کی جا رہی ہے۔ اس میں سرفہرست انسانی وقار کی آگاہی، آب و ہوا، ماحول کی بہتری اور حفاظت، انسانوں کے مساوی حقوق، صنفی امتیازات کا خاتمہ اور مذاہب کے درمیان ہم آہنگی شامل ہیں۔ فطری ماحول ہی ہماری بقا کی ضمانت ہے۔ قدرتی وسائل کے استعمال میں اعتدال، ماحولیاتی تحفظ اور نیست و نابود ہونے کے خطرے سے دوچار حیات کے تحفظ کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا، ذرائع ابلاغ کے ذریعے عوام کو خیرسگالی، امن و سلامتی کے لیے کی جانے والی کوششوں اور وسائل کو مل جل کر دور دراز کم ترقی یافتہ اور خوش حال لوگوں کی بہتری کے لیے شیئر کرنا بھی یو آر آئی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ یہ سب سہولیات اگر ہر انسان کی ذاتی ترجیحات میں شامل ہو جائیں تو دنیا بہت بہتر ہو جائے گی۔ اس میں ایک اہم قدم خواتین کو ہر مقام اور ہر میدان میں برابری ترقی اور مواقع دینا ہے۔ خواتین کو پروفیشنل تعلیم اور فنی تعلیم دی جائے تاکہ وہ نہ صرف مالی طور پر خود کفیل ہوں بل کہ قومی آمدنی میں بھی معاون بن سکیں۔ خواتین کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، ہر شعبہ ہائے زندگی میں آگے آنے میں ان کی حوصلہ افزائی کرنا اور تعلیم نسواں کی اہمیت کا احساس دلانا بھی اس کوشش کا حصہ ہے۔ لیکن 24 گھنٹوں میں دو منٹ رک کر گہری سانس لینا، کائنات کی فری مارکیٹ سے ہر وقت پروموشن پر لگی برینڈڈ ہوا، سورج کی سنہری کرنوں، شفاف پانی اور ہرے بھرے درختوں کے پتوں کی تالیوں سے اتنا سا غور کر لینے میں کوئی حرج نہیں کہ یہ کائنات بھی تو مسلسل رقص میں ہے، یہ نظام بھی تو مسلسل ردھم میں ہے، یہ درخت کس کی ستائش میں پتوں سے تالیاں بجاتے رہتے ہیں۔ حوصلہ افزائی اور سراہے جانے کے احساس سے کائنات رقص کرنے لگتی ہے۔

شمینہ رفعت

5 تا 7 اکتوبر 2018ء کو Sarvodaya Institute of Higher Learning in Bandaragama, ساتھ خوش آمدید کہا گیا۔

کانفرنس میں فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی ریجنل کوآرڈی نیٹر یوآرآئی پاکستان و ڈائریکٹر پیس سنٹر لاہور نے Key Note

شامل تھے۔ کانفرنس میں تمام ممالک کے نمائندوں نے موضوع کے حوالے سے بات چیت کی۔

تیسری یوآرآئی ایشیا کانفرنس سری لنکا کی بہت بڑی کامیابی ہے

Sarvodaya Institute of Higher Learning in Bandaragama, Colombo Sri Lanka میں یوآرآئی کی تیسری کانفرنس برائے ایشیا کا اہتمام

3rd URI ASIA CONFERENCE

کانفرنس میں فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی ریجنل کوآرڈی نیٹر یوآرآئی پاکستان و ڈائریکٹر پیس سنٹر لاہور نے Key Note Address دیا

Colombo Sri Lanka میں یوآرآئی کی تیسری کانفرنس برائے ایشیا کا اہتمام کیا گیا جس میں ایشین ممالک پاکستان، انڈیا، بنگلہ دیش، کوریا اور سری لنکا سے بھرپور تعداد میں ایشیا اور مختلف ریجنل سٹاف یوآرآئی ممبرز شامل تھے۔ اس کانفرنس میں شرکت کے لیے یوآرآئی کے 150 نمائندوں نے شرکت کی۔

تیسری یوآرآئی ایشیا کانفرنس کا تھیم تھا: "United for Peace: Transcending Boundaries"

کانفرنس میں تمام شرکا اور مہمانوں کا استقبال نہایت ہی خوب صورت انداز میں سری لنکن کلچر کے مطابق کیا گیا۔ مہمانوں کو پھولوں کے ہار ڈال کر اور روایتی میوزک اور ثقافتی رقص کے

Address دیا۔ کانفرنس کے تھیم "United for Peace: Transcending Boundaries" کے حوالے سے نہایت ہی مثبت اور مفصل بات چیت کی گئی۔ پاکستان سے یوآرآئی کے وفد میں مسلم و مسیحی یوآرآئی نمائندوں نے فادر ڈاکٹر جیمز چنن او پی کے ساتھ کانفرنس میں شرکت کی۔ جن میں آشر نذیر ایگزیکٹو سیکرٹری یوآرآئی پاکستان، مسز شمیم رفعت یوآرآئی ویمن ونگ کوآرڈی نیٹر، مس اسمارا داؤد یوتھ ٹریژر یوآرآئی، مسز نیلم انصاری پروگرام منیجر یوآرآئی، ایم سی سی اسلام آباد سے علامہ جی آر چشتی، اختر مراد کوآرڈی نیٹر ایم سی سی لاہور اور سی سی کوآرڈی نیٹرز جن میں فرانسس زیویئر، پیٹر ملاکی اور احمد حسین

کہ وہاں پر مختلف مذاہب اور کلچر کے لوگ اکٹھے ہوئے اور وہاں مذہب اور کلچر کی بنیاد پر کوئی فرق نہیں تھا۔ ہر کسی نے ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کی، رواداری، عزت اور احترام بانٹ رہے تھے اور ایک دوسرے کے ساتھ اپنے تجربات شیئر کرتے رہے۔ ایک چیز جو ان سب کو آپس میں جوڑ رہی تھی اور ان کے درمیان اختلافات ختم کر رہی تھی وہ تھی یوآرآئی، کیوں کہ یوآرآئی کوئی مذہب نہیں لیکن دنیا کے تمام مذاہب اور لوگوں کو آپس میں جوڑ رہی ہے اور دنیا میں امن اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دے رہی ہے۔

-☆-

ہمیں دنیا کو پاکستان کا روشن چہرہ دکھانا ہے

آشر نذیر مہمانِ خصوصی، پروفیسر جیکب پال اور پیٹر دیوان کو بھی خصوصی دعوت دی گئی

20 دسمبر 2018ء کو گورنمنٹ خواجہ رفیق شہید کالج والٹن روڈ لاہور میں پرنسپل پروفیسر محمد رفیع، وائس پرنسپل ڈاکٹر خالد مبین کی راہنمائی میں پروفیسر حافظ ارشد ہیڈ اسلامک سٹڈیز ڈیپارٹمنٹ، پروفیسر پیٹر مراد اور پروفیسر فراز نے کالج کی انتظامیہ کے ساتھ کرسمس کے موقع پر کالج میں خوب صورت تقریب کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر گورنمنٹ خواجہ رفیق شہید کالج کے پروفیسر حضرات اور طلبائے علم نے بھرپور شرکت کی جن کا تعلق مسلم اور مسیحی مذاہب سے تھا۔ آشر نذیر ایگزیکٹو سیکرٹری یوآرآئی پاکستان کو مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا۔ پروفیسر جیکب پال اور پیٹر دیوان ڈائریکٹر گلوبل ہیلنگ انیشی ایٹو کو بھی خصوصی دعوت دی گئی۔ کالج میں امن کمیٹی نے بہت اہم کردار ادا کیا۔ کمیٹی میں پروفیسرز اور طلبائے علم شامل تھے جنھوں نے پروگرام کو بہت اچھے طریقے سے ترتیب دیا ہوا تھا۔ پیٹر مراد پروفیسر گورنمنٹ خواجہ رفیق شہید کالج نے تقریب کے مقاصد تفصیل سے بتاتے ہوئے کہا کہ کرسمس کی خوشیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مل کر منانا چاہیے، چاہے ہمارا تعلق کسی بھی مذہب سے ہو۔ طلبہ نے خوب صورت

کرسمس گیت، تقریریں اور شاعری پیش کی۔ خوب صورت کرسمس ٹری بھی تیار کیا گیا تھا جو مسیحی اور مسلم طلبائے علم نے مل کر تیار کیا تھا۔ خیالات کا اظہار کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کو جن کا تعلق کسی بھی مذہب سے ہو اچھا انسان بنانے اور دوسروں کے ساتھ محبت، امن، رواداری، برداشت، معافی اور اتفاق کو فروغ دینے کی تربیت دینی ہوگی تاکہ پیار اور برداشت بڑھے اور وہ ایک دوسرے کے مذاہب کے بارے میں جان سکیں۔ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ایسے تہوار منانے چاہییں تاکہ بچوں میں ہم آہنگی پیدا ہو سکے۔ ہمیں دنیا کو پاکستان کا روشن چہرہ دکھانا ہے۔ نفرت کے نہیں مل کر محبت کے بیج بونے ہیں۔ نئی نسل کو بتانا ہے کہ ہم سب آدم کی اولاد ہیں۔ ہم سب ایک ہیں۔ کوئی انسان یا اس کا مذہب برا نہیں۔ سب نے مل کر کرسمس کا کیک کاٹا۔

پیس ایجوکیشن کو سکولوں، کالجوں اور یونی ورسٹیوں میں لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھایا جانا چاہیے

نوواں نیشنل یوتھ پیس فیسٹیول

ڈاکٹر یاسمین راشد، راحیلہ رشید، فیاض الحسن چوہان، جسٹس (ر) ناصرہ اقبال، ثانیہ عاشق اور جواد احمد نے حصہ لیا

چائن ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن نے نوواں نیشنل یوتھ پیس فیسٹیول 27 اور 28 نومبر 2018 کو علی انسٹی ٹیوٹ میں منعقد کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹر یاسمین راشد صوبائی وزیر صحت، راحیلہ رشید وفاقی وزیر غیر رسمی تعلیم، فیاض الحسن چوہان صوبائی وزیر اطلاعات و کلچر پنجاب، جسٹس (ر) ناصرہ اقبال (ڈاکٹر محمد اقبال کی بہو)، ثانیہ عاشق ایم پی اے مسلم لیگ (ن)، مشہور و معروف سنگر اور آرٹسٹ جواد احمد کے ہمراہ اور بھی نامی گرامی سوشل ورکرز نے حصہ لیا۔

یو آر آئی کی نمائندگی مس اسمارہ داؤد نے کی جو کہ یو آر آئی پاکستان یوتھ ٹریزر ہیں۔ فیصل الیاس ایگزیکٹو سیکرٹری پیس سنٹر لاہور نے بھی پروگرام میں شرکت کی اور اپنے خیالات کے اظہار میں بتایا کہ نوجوانوں میں پیس ایجوکیشن کو فروغ دینا بہت ضروری ہے جس کو سکولوں، کالجوں اور یونی ورسٹیوں میں ایک لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھایا جانا چاہیے تا کہ پاکستان کو امن کا گہوارہ بنایا جا سکے۔

فادر ڈاکٹر جیمز چنن آشر نذیر اور احمد حسین کے مظفر آباد پہنچنے پر یو آر آئی آزاد کشمیر کے سینئر عہدیداران خواجہ اخلاق، سید ذوالکفل، نعیم الرحمن نے استقبال کیا

فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے سعید الرحمن صدیقی کو یو آر آئی ایشیا امن ایوارڈ پیش کیا

فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے پیس گروپ آف جرنلسٹس کی دعوت پر کشمیر کے پراجیکٹس کا معاینہ کیا اور تقریبات میں شرکت کی۔

امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے کام کرنے والی عالمی تحریک یو آر آئی کے ریجنل کوآرڈی نیٹر فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے آزاد کشمیر میں یو آر آئی کی شاخ پیس گروپ آف جرنلسٹس کی دعوت پر یو آر آئی کشمیر کے پراجیکٹس کا معاینہ کیا اور تقریبات میں شرکت کی۔ فادر ڈاکٹر جیمز چنن کے ہمراہ یو آر آئی پاکستان کے سیکرٹری آشر نذیر اور یو آر آئی اسلام آباد کے سی سی کوآرڈی نیٹر احمد حسین بھی تھے فادر ڈاکٹر جیمز چنن کے مظفر آباد پہنچنے پر یو آر آئی آزاد کشمیر کے سربراہ سعید الرحمن صدیقی اور یو آر آئی آزاد کشمیر کے سینئر عہدیداران خواجہ اخلاق، سید ذوالکفل، نعیم الرحمن و دیگر نے استقبال کیا۔ اپنے دورہ مظفر آباد میں فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے چہلہ بانڈی میں خواتین میں ہنر کے فروغ کے لیے پیس ویمن ڈیولپمنٹ سنٹر کی نئی شاخ کا افتتاح فیتا کاٹ کر کیا۔ اس موقع پر خواتین کی ایک تقریب بھی منعقد کی گئی جس سے خطاب کے دوران سنٹر کی کوآرڈی نیٹر طیبہ ملک اور پرنسپل سنٹر رخسانہ اعوان نے فادر ڈاکٹر جیمز چنن کو خوش آمدید کہا اور آزاد کشمیر میں پیس گروپ آف جرنلسٹس کے تحت چلنے والے خواتین کے اداروں پیس ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر کے تحت خواتین کو سکھائے جانے والی مختلف سکلز اور خواتین میں امن اور بین المذاہب سرگرمیوں کے فروغ پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین ہماری آبادی کا پچاس فی صد سے زائد ہو چکی ہیں۔ یو آر آئی خواتین کی ترقی اور ان کو یکساں مواقع دینے کی حامی ہے۔

آزاد کشمیر میں یو آر آئی کے تحت پیس ویمن ڈیولپمنٹ سنٹر کے نام سے قائم ادارے یو آر آئی کے مقاصد کو زبردست انداز میں آگے بڑھا رہے ہیں۔ پیس ویمن ڈیولپمنٹ سنٹر کی شاخ کے افتتاح کے بعد فادر ڈاکٹر جیمز چنن پیس گروپ آف جرنلسٹس یعنی یو آر آئی کشمیر کے نئے تعمیر ہونے والے ہیڈ کوارٹر الفرحت منزل پہنچے جہاں پیس گروپ آف جرنلسٹ کی ٹیم نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا۔ یو آر آئی آزاد کشمیر کے سربراہ سعید الرحمن صدیقی نے بڑی سکرین (پروجیکٹر) پر یو آر آئی کے منصوبوں اور سالانہ رپورٹ پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دریں اثنا فادر ڈاکٹر جیمز چنن کو پیس گروپ آف جرنلسٹس کے ویب چینل پیس نیوز نیٹ ورک سے متعلق پراجیکٹ انچارج ناظم عباسی نے بریفنگ دی۔ فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے پیس گروپ آف جرنلسٹس کی ٹیم کی حوصلہ افزائی کی۔ بریفنگ کے بعد پیس میڈیا سنٹر میں یو آر آئی کے ریجنل کوآرڈی نیٹر فادر ڈاکٹر جیمز چنن اور سیکرٹری آشر نذیر کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی۔ پیس ماڈل سکول کے بچوں نے رنگا رنگ آئٹمز پیش کیے۔ تقریب میں پیس گروپ آف جرنلسٹس اور یو آر آئی کشمیر کے سربراہ ممتاز کشمیری صحافی اور کالم نگار سعید الرحمن صدیقی کو یو آر آئی ایشیا امن ایوارڈ فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے اپنے دستِ مبارک سے پیش کیا۔

فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے پیس گروپ آف جرنلسٹ کے تحت تعمیر ہونے والے کشیر المقاصد منصوبے پیس ماڈل سکول کے مین کیمپس چہلہ بانڈی کا بھی معاینہ کیا۔ خواتین کے تربیتی سکول کی انچارج سفینہ وانی نے جیمز چنن کو سکل اینڈ پروڈکشن کے کام پر مفصل بریفنگ دی۔ دریں اثنا فادر ڈاکٹر جیمز چنن کو یو آر آئی کشمیر کے پراجیکٹ پیس ماڈل سکول دھیگیاں پاجگراں کا بھی دورہ کروایا گیا۔ یہ سکول لائن آف کنٹرول پر بھارتی فائرنگ کے باعث متاثر ہونے والے بچوں کے لیے خصوصی طور پر قائم کیا گیا ہے۔ جہاں پہنچنے پر فادر ڈاکٹر جیمز کا بچوں نے زبردست استقبال کیا۔ اس کے بعد فادر ڈاکٹر جیمز چنن مقبوضہ کشمیر کے تصادم زدہ علاقوں سے ہجرت اختیار کر کے آزاد کشمیر آنے والوں کے مہاجر کیمپ میں یو آر آئی کشمیر کے تحت قائم ہونے والے پیس ماڈل سکول کی ماکھیاں برانچ میں بھی گئے جہاں سکول کے بچوں نے پھول نچھاور کر کے فادر ڈاکٹر جیمز کا استقبال کیا۔ فادر ڈاکٹر جیمز چنن نے اس موقع پر اپنے خطاب میں پیس گروپ آف جرنلسٹ کی تعلیم کے ذریعے امن خدمات کو شاندار الفاظ میں سراہا۔

-☆-

دوسرے مذاہب اور عقائد کا ہر حال میں احترام کرنا ہے تاکہ ہم دنیا میں اچھے نام سے یاد رکھے جائیں

عالمی یومِ انسانی حقوق کے حوالے سے فن پاروں کی نمائش

یوتھ فار ہیومن رائٹس پاکستان سی سی کے زیر اہتمام طلبہ وطالبات کے درمیان ''امن بذریعہ آرٹ''

یوتھ فار ہیومن رائٹس پاکستان سی سی کے زیر اہتمام ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے پانچ تعلیمی اداروں کے پچاس طلبہ وطالبات کے درمیان ''امن بذریعہ آرٹ'' کے عنوان سے پینٹنگ بنانے کا مقابلہ ہوا جو کہ بین المذاہب ہم آہنگی اور قیامِ امن کے فروغ کے لیے ایک اچھوتا انداز تھا۔ مقابلہ شروع ہونے سے پہلے امن و انسانی حقوق پر تنظیم کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور سی سی کوآرڈینیٹر عمیر احمد نے خصوصی لیکچر دیا اور کہا کہ امن کے لیے ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہے اور ایک دوسرے کے حقوق ادا کرتے ہوئے معاشرہ کی فلاح کرنی ہے، تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آرٹ اور فن پاروں کے ذریعے ہم ایک دوسرے کے کلچر سے بہت سیکھتے ہیں۔ ہمیں دوسرے مذاہب اور عقائد کا ہر حال میں احترام کرنا ہے تاکہ ہم دنیا میں اچھے نام سے یاد رکھے جائیں۔

نئے پینٹروں نے اپنے فن پاروں میں مقامی ثقافت، مذاہب، دہشت گردی، تعلیم، سماجی مسائل اور عالمی امن کو اجاگر کیا۔ نئے پینٹروں کے فن پارے دسمبر 2018 میں عالمی یوم انسانی حقوق پر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ایک نمائش میں پیش کیے گئے اور پینٹروں کی حوصلہ افزائی کے لیے انھیں انعامات اور اسناد سے نوازا گیا۔

عید میلادالنبی اور عید ولادت المسیح کے مواقع پر تقریب

مذہبی ہم آہنگی اور امن کو فروغ دینے کے لیے اقبال علی پروگرام منیجر ورکنگ ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن و پرنسپل توقیر الاسلام سکول و کالج نے پروگرام ترتیب دیا

29 اگست 2018ء کو توقیر الاسلام سکول و کالج لاہور میں مذہبی ہم آہنگی اور امن کو فروغ دینے کے لیے جناب اقبال علی پروگرام منیجر ورکنگ ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن و پرنسپل توقیر الاسلام سکول و کالج نے یو سی 227 اور مختلف تنظیموں کے نمائندوں، سیاسی نمائندوں اور نوجوان طلبائے علم کے ساتھ مل کر پروگرام ترتیب دیا۔

اس پروگرام میں بطور مہمان خصوصی آشر نذیر یو آر آئی ایگزیکٹو سیکرٹری پاکستان اور مسز حمیدہ رفعت کوآرڈینیٹر وومن ونگ یو آر آئی پاکستان نے شرکت کی۔ دیگر مہمانوں میں ثاقب بھٹی، نعمان بھٹی اور وقار شامل تھے۔ جنھوں نے اس خوب صورت تقریب کے حوالے سے نہایت ہی اچھی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب خدا کی مخلوق اور حضرت آدم کی اولاد ہیں۔ بطور انسانیت چاہے ہمارا تعلق کسی بھی مذہب سے ہو ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور رواداری کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔ ہر مذہب محبت، رواداری اور معافی کی تعلیم دیتا ہے۔ کوئی بھی مذہب نفرت کے بیج نہیں بوتا بلکہ محبت اور بھائی چارے کے پھول اگاتا ہے۔ ہر مذہب کے ماننے والوں کو چاہیے کہ اپنے مذہب کی تعلیم اور دوسرے مذاہب کے بارے میں اچھی طرح جاننے کی کوشش کریں۔ ایک دوسرے کے مذاہب کی رسومات میں شامل ہوں اور مل کر خوشیاں بانٹیں۔

مسز حمیدہ رفعت اور آشر نذیر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج یو آر آئی پاکستان کی طرف سے ہم اقبال علی کو محبت اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے حوالے سے اور اس یادگار تقریب کا اہتمام کرنے پر مبارک پیش کرتے ہیں اور عید میلادالنبی اور عید ولادت المسیح کے موقع پر تمام مذاہب کے لوگوں کے اس پروگرام میں شامل ہونے پر بہت خوش ہیں۔ جو چیزیں ہمیں جوڑتی ہیں ہمیں ان پر توجہ دینی چاہیے نہ کہ جو چیزیں اختلاف پیدا کرتی ہیں۔ ہمیں دوسروں کے ساتھ ایسا ہی کرنا چاہیے جو ہم چاہتے ہیں کہ دوسرے ہم سے کریں۔ اسے گولڈن رول کہا جاتا ہے۔ ہم خدا کی خوب صورت مخلوق ہیں اور خدا سب کو یکساں پیار کرتا ہے۔ وہ کسی کی ہلاکت نہیں چاہتا۔ قدرت بھی سب کے لیے یکساں ہے۔ سورج، پانی، بارش، ہوا، ندیاں، دریا، درخت، پودے ساری مخلوقات کو بلا تفریق اور بلا تمیز فائدہ دیتے ہیں۔ ہمیں رحم دل اور محبت سے بھرا ہونا چاہیے اور عید میلادالنبی اور عید ولادت المسیح کے موقع پر اپنے دل دوسروں کے لیے کھولنے چاہییں اور ہر کسی کو بطور انسان قبول کرنا چاہیے چاہے وہ کسی بھی مذہب سے ہو۔

-☆-

ہالینڈ کی حکومت حضرت محمد ﷺ کی شان کے خلاف گستاخانہ خاکوں کی اشاعت میں شامل افراد کو قرار واقعی سزا دے

گستاخانہ خاکوں کی مسیحی اور مسلم مذہبی راہنماؤں نے بھرپور مذمت کی

یو آر آئی پاکستان اور کل مسالک بورڈ کے زیر اہتمام پیس سنٹر لاہور میں مشترکہ اجلاس

28 اگست 2018ء کو یو آر آئی پاکستان اور کل مسالک بورڈ کے زیر اہتمام پیس سنٹر لاہور میں مسیحی اور مسلم مذہبی راہنماؤں کا مشترکہ اجلاس ہوا جس میں پریس کانفرنس میں ہالینڈ میں شایع ہونے والے گستاخانہ خاکوں کی مسیحی اور مسلم مذہبی راہنماؤں نے بھرپور مذمت کی اور بڑے دُکھ کے ساتھ اس بات کا اظہار کیا گیا کہ اس قسم کے گستاخانہ خاکوں سے نہ صرف مسلمانوں بل کہ تمام مذاہب کے ماننے والوں کی دل آزاری ہوئی ہے۔ خاص طور پر پاکستان میں بسنے والے مسیحی اور مسلم سراپا احتجاج ہیں تمام علما کرام اور مذہبی مسیحی راہنماؤں نے پُر زور مطالبہ کیا کہ ہالینڈ کی حکومت حضرت محمد ﷺ کی شان کے خلاف گستاخانہ خاکوں کی اشاعت کو فوری طور پر بند کرے اور اس قسم کے ناپاک عزائم میں شامل افراد کو قرار واقعی سزا دے۔ ہم تمام مسلم ممالک سے بھی گذارش کرتے ہیں کہ وہ ایک مشترکہ لائحہ عمل تیار کریں اور اقوام متحدہ اور یورپی یونین سے بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ایسے گستاخانہ خاکوں کی اشاعت پر پابندی لگائے۔ کیوں کہ بین الاقوامی اور علاقائی سطح پر مختلف مذاہب کے لوگ جول مل کر مذہبی ہم آہنگی اور امن کو فروغ دے رہے ہیں ان کو ایسے اقدام کر کے ایک بڑی جنگ کی طرف دھکیلنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

اس پریس کانفرنس کے شرکا میں ڈاکٹر فادر جیمز چنن او پی ڈائریکٹر پیس سنٹر لاہور، ریجنل کوآرڈی نیٹر یو آر آئی پاکستان، ڈاکٹر بدر منیر سیفی، علامہ عاصم مخدوم، حاجی عامر رشید، ڈاکٹر عبدالغفار، فادر افتخار مون او پی، فادر روکس پطرس او پی، فادر شہزاد او پی، دومینکن برادرز، پیس سنٹر لاہور اور یو آر آئی پاکستان کے سٹاف نے شرکت کی۔

☆☆

14 اکتوبر 2018ء کو ریالہ خورد پیرش ضلع اوکاڑہ میں امن اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہوئے پنجاب بھر سے مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے 7 فٹ بال کلب ممبرز پر مشتمل نوجوانوں کے درمیان پہلا فادر جارج ابراہیم شہید فٹ بال ٹورنامینٹ منعقد کیا گیا جس میں نوجوان ٹیموں نے بڑے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔ اس فٹ بال ٹورنامینٹ میں بطور مہمان خصوصی آشر نذیر ایگزیکٹو سیکرٹری یو آر آئی پاکستان نے شرکت کی ان کے علاوہ دیگر مہمانوں میں سسٹر مریم حاکم، سسٹر انجیلا، سسٹر ڈیبی، فادر خالد مختار، پاسٹر جمیل، اسحٰق نذیر اور سیموئیل بھولا بطور مہمان خاص شامل ہوئے۔ ہر میچ کے لیے مختلف مہمان جن کا تعلق مختلف مذاہب سے تھا تشریف لائے۔ زیادہ تعداد میں نوجوانوں نے شرکت کی۔

فادر ظفر اقبال پیرش پریسٹ ریالہ خورد نے کہا کہ یہ میچ آئندہ ہر سال کروایا جائے گا۔

آشر نذیر، سسٹر مریم حاکم، سسٹر انجیلا، سسٹر ڈیبی، فادر خالد مختار، پاسٹر جمیل، اسحٰق نذیر اور سیموئیل بھولا بطور مہمان خاص شامل ہوئے

مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے فٹ بال ٹورنامینٹ

مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے 7 فٹ بال کلب ممبرز پر مشتمل نوجوانوں کے درمیان پہلا فادر جارج ابراہیم شہید فٹ بال ٹورنامینٹ

اس فٹ بال ٹورنامینٹ کے فائنل میں خوشپور پیرش سے شائن سٹار خوشپور فٹ بال کلب نے ٹیم کپتان وشال پرویز کی راہنمائی میں حصہ لیا اور دوسری ٹیم ریالہ خورد فٹ بال کلب تھی دونوں ٹیموں میں شاندار فائنل میچ ہوا اور یہ فائنل ریالہ فٹ بال کلب نے جیت لیا۔ میچ کا مقصد مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کا فروغ تھا۔

For unskilled and illiterate girls and women belonged to the poorest families

Empowering Women through Skills by URI Women Wing Pakistan

Training program with Peace Center and Working Women Development Foundation at Peace Center Lahore

URI Women Wing Pakistan organized a training program with the theme of empowering women through skills with the partnership of URI Pakistan, Peace Center Lahore and Working Women Development Foundation on 25th September, 2018 at Peace Center Lahore. It was National training program for unskilled and illiterate girls and women who belonged to the poorest families for daily food they have to work with their family members at brick factories, fields and houses of rich people.

Mr. Asher Nazir Executive Secretary URI Pakistan welcomed all participants and shared that today in this training many girls and women came from different cities of Pakistan. 86 girls and women came from different faiths and communities. They were getting skills from different beauty parlors and sewing centers. This training program was presided over by Fr. James Channan OP Regional Coordinator of URI Pakistan and Director Peace Center. Asher Nazir warmly welcomed Fr. James Channnan OP in this program because he came back to Pakistan from Europe for this program. Mr. Iqbal Sani Program Manager of Working Women Development Foundation gave brief introduction of honorable guest, speakers and with it he shared some important activities of Working Women Development Foundation.

Sr. Sabina Rifat, Coordinator Women Wing URI Pakistan, shared the objective of the training, she said that I am working with marginalized women and girls from different religions in Pakistan. My strong believe is that together woman can change everything through their talent and skills. The word 'empower' denotes that it is not an internal phenomenon rather the external factors have to endow one with the specific power. Empowerment, in other words, is "the result of the process which enables an individual to know about herself, what she wants, express it, try to get it and fulfill their needs, enhance confidence, awareness, mobility, choices, control over resources and decision making power."

Fr.James Channan OP in his speech said that today I am very happy that all these girls and women are getting different skills. URI Women Wing Pakistan is working with uneducated and unskilled girls and women and making them empowered through skills. Sr.Sabina Rifat is uniting the women and giving awareness about their rights that how they can play a positive role in the society. There are seven components regarding the empowerment of women: awareness of their rights; improved standards of living, equal ownership of productive resources, better health care for herself and her children, higher literacy level and education, increased partnership in economic and commercial sectors, and achievement of self-reliance, self confidence and self respect.

Fr. James distributed diplomas to those girls who completed stitching course with Sr. Sabina. Mr. Asher Nazir thanked to all participants.







Movements of goodwill and cross-cultural respect that are embodied in the spirit of the interfaith movement.

The Promise of Inclusion, the Power of Love

Parliament of the World's Religions was being hosted by the city of Toronto

The Parliament of the World's Religions was being hosted by the city of Toronto from November 1st to November 7th, 2018 at The Metro Toronto Convention Centre (MTCC) located at 222 Bremner Blvd, Toronto, ON M5V 3L9, Canada.

The theme of the Parliament was drawn from movements of goodwill and cross-cultural respect that are embodied in the spirit of the interfaith movement.

The Promise of Inclusion, the Power of Love: Pursuing Global Understanding, Reconciliation, and Change.

The 7th Parliament of the World's Religions featured more than 500 programs and events across six major tracks:

1. The Women's Track: The Dignity of Women across the World's Wisdom Traditions
2. Countering War, Hate & Violence Track: Peace and Love: Not War, Hate & Violence
3. Climate Action Track: Care for Our Earth, Responsibility for Our Future
4. The Indigenous Peoples' Track: The Spiritual Evolution of Humanity & Healing Our Mother Earth
5. The Next Generations Track: Interfaith Has No Age, Youth Voices for Change
6. Justice: Advancing Concrete Change toward a Just, Peaceful, and Sustainable World

Almost 10,000 persons of different faith and conscience from 80 nations and more than 200 unique spiritual backgrounds attended the conference.

Parliament presenters included students, clergy, interfaith leaders, scholars, Nobel Laureates, city mayors, spiritual luminaries, best-selling authors, globally-recognized entertainers, thought leaders, state actors, and more.

URI featured prominently in programs and workshops at the 2018 Parliament of the World's Religions (PoWR), the largest global interfaith gathering, which took place November 1 – 7, 2018 in Toronto, ON. The 7th PoWR's seven-day convening brought thousands of persons together of different religious, spiritual and ethical backgrounds from around the world to explore its theme.

A heavy schedule of events featured 1,600 presenters in 900+ programs, workshops, exhibitions, and dialogues that highlighted expert analysis, spiritual wisdom, advocacy training and cultural flair. URI members were featured in a large number of these programs.

That spanned expert panels, discussion groups, an information booth, a hospitality space, and even several musical performances - URI Cooperation Circle leader and music legend Pato Banton performed live an unveiling of "All in This Together," .

Dr. Abraham Karickam, the URI Regional Coordinator for southern India, recorded a journal of observations from his experiences at the Parliament.

URI Founder and President The Rt. Rev. William E. Swing, URI Executive Director The Rev. Victor H. Kazanjian, Jr., and URI Global Council Chair Kiran Bali, MBE, JP shared keynote addresses, discussion groups, panels, and presentations at the 2018 Parliament.

Sr. Sabina Rifat from Pakistan participated in this great event as many of the URI members did not get visa .It was an inspiring experience for her and a blessed event too as she met the URI global staff members there and many other renowned and impressing people from around the globe.

She was scheduled as such:

Sabina Rifat, Nov 2, 6pm, Room 705, Pursuing Global Understanding, Nov 5, 2:15pm to 3:45pm, Room 106

Interfaith Peacemaking in South Asia: Diverse Perspectives

She shared about URI activities, challenges and efforts in Pakistan and appreciated global understanding. She also gave a panel discussion about the Perspectives. She talked about the status of minorities, challenges, good aspects and difficult situations faced by them. She highlighted the positive role of URI Pakistan leadership due to which a great impact is made in tough times voice is being raised and it stands with the people when needed. URI is playing a great and positive role in building bridges among the believers of different religions, especially among Muslims who form 96 %, Christians 1.8% and Hindus forming about 2 % of the population of 220 million in Pakistan.

URI is working at different levels and has formed CCs of youth, women, children, teachers, lawyers, journalists, human rights activists and promoters of human rights. At present there are 62 CCs in Pakistan.

Remarkable services for building peace and understanding of interfaith dialogues

Memorial Service of Late Cardinal Jean-Louise Tauran

National Commission for Inter-religious Dialogues & Ecumenism along with Universal religion's unity organized memorial service at Cathedral Church

